مژہ و ابرو سے برکر نہین خنجر تلوار

آپکے ہاتھہ سے چلتی ہی ہمارے سر پر
کہین مقتل مین ٹہرتی نہین دم بھر تلوار

سر سے کیا دل سے مین حاضر ہون اوسی کو بھی صابر
مری نظرون مین ہی ابرو کے برابر تلوار

نہ ننگی ہونے دو رہنے دو داب مین شمشیر
کشتگی ہو رہی قاتل حجاب مین شمشیر

لہو کی پیاسی ہی کیونکر خشک کیون زبان ہی لون
ڈوبی ہوی تو سراپا ہی آب مین شمشیر

سوال گنجفہ کے کھیل مین کیا سر کا
کہ مجھہ غلام پہ کھینچی جواب مین شمشیر

مین دیکھون کت رہو شرم آئی شرما جاتی
وہ ننگے ہاتھہ ہون اور ننگی دابمین شمشیر

لگی کہ دم مرا ٹوتا اور اوسکے ساتھ اوسکا
مین چھٹ گیا کہ پڑی بیک عتاب مین شمشیر

وہ تیغ ابرو ہی طاق ایک کو دو کر نہین
پہر آگئے اوسکے ہاتھ کس حساب مین شمشیر

ادہر وہ قہر ہوی مجھپہ چین برابرو صدر
ادہر یہ ظلم کہ آئے عتاب مین شمشیر

گاتے ہین کس کے ساتھ نہین ہی انہین نگار
رکھتے ہین ہان ستار بھی اپنی جہیز جہاڑ

مجھکو تو دیکھتے ہین وہ چلمن کے اوٹ مین
ای چشم تو بھی دیکھ اب اونکو پلک کے آڑ

شاخین تمھارے باتو مین لگائین تو کیا عجب
معلوم ہے کہ باتون کے ای یار تم ہو جھاڑ

کیا بولون کیون گذرتی ہی فرقت مین اونکو
شب تک بلا ہے پر تو دن بھی ہے یک پہاڑ

صحرا مین اسکے خاک کے کشتون کے ساتھ تھا
تن دھرنے کی جگہ نہتی اتنی بھی بھیڑ بھاڑ

اور زلف یار ظلم کو کب تک سہو نسا ترے
کب تک گو کھاؤن بیٹھ کے کوڑونکی مار دہاڑ

آخر کو صدر دیکھیو پڑ جائینگے گرہ
حاصل مری ہے رشتہ الفت کو ہو تاڑ

ہو خانہ خراب اوسکا ہوا آپسے در انداز
کیا کیا ہین لقب آپکے ای خانہ بر انداز

انکھین نہین ہین نام [illegible] کو اپنا
[illegible] تیری ای چشم [illegible] انداز

چلنے مین قدم پڑتے ہین آزاد سے باہر
[illegible] ہی گلہ [illegible] انداز

گر تیغ نہو بھون کے اشارے سے دو گرد و — کیون کرتے ہو تم قتل مین ای یار بہ انداز
کیا چال روش تیری رویا ترا ای یار — سب اچھے ہین ان سب پہ ہے طرہ مگر انداز
انکھین ہی دکھانا کبھی انکھین ہے بتانا — خالی نہین حکمت سے ترا فتنہ گر انداز

دنیا کے لہو لعب مین کب تک کو رہیگا
بہتر ہے کہ عقبی کے تو ای صدر کر انداز

مدت تمام وصل بتان کی رہی ہوس — ای صدر یاد حق مین تو گذرا نہ ایک نفس
گذرے مہینے کتنے جنون پر نہین گیا — آیا جنون مجھکو الٰہی یہ کس برس
مرجائینگے پہ جا نہین دینگے زیست تک — کہتے ہین جسکو دم وہ ہمارا ہے ہم نفس
ای گل ہوا ہین آپکے مژگان کے روز و شب — برباد ہو رہا ہون مین مانند خار و خس
یک بیت کے کاروان کے تعشق مین ہمدمو — مین رو رہا ہون سکے صدا نالہ جرس
دیگا عوض مین اسکے جو بن تو سے ہمکو یار — کہائینگے ہم خوشی سے تیری گالیان بھی دس

بولین وہ لاک آپ سے اپنے دہن کی بات
ای صدر کچھ نہ بولیو خاموش ہو بس

مین رشک عشق سے تیرے بسمل گئے باآب و گئے باآتش
تو چشم رحمت سے دیکھ قاتل گئے باآب و گئے باآتش

تو باغ خوبی کا ایک ہی گل ترے ہیں کاکل مثال سنبل

ہی جھپہ سے چشم و دل عنادل گھے بآب و گھے بآتش

تو مثل یوسف جدہر کو جاوے جمال اپنا جہان دکھاوے

ہو نترے الفت سے وہان کی محفل گھے بآب و گھے بآتش

تمہارے فرقت میں ہم بیارے طپان ہیں نالاں ہیں غم کے مارے

مثال ماہی برنگ ساحل گھے بآب و گھے بآتش

کبھی ہیں ہجر وطن میں گریان کبھی سفر میں ہیں سینہ بریان

ہوی ہے اب تو ہماری منزل گھے بآب و گھے بآتش

کیا خلیل آگ میں ہی بستر بچھایا نوح آب پر ہی چادر

نکیون سلامت ہو نیرے کامل گھے بآب و گھے بآتش

تم اس زمین میں کئے ہو جسرات ای صدر صابری سلامت

سمجھ اس زمین سے فلک کا ہو دل گھے بآب و گھے بآتش

مشہور عام ہی کہ وہ ہی آشنای عام — لیکن ہمارے پاس تو ہی ہو وفای خاص

شاہی کلہ ہی غرور تمہین مجہلہ فقر کا — تم شاہ عام ہو تو یہ بندہ گدای خاص

کرنی ہی بات خاص تمہارے سے او جناب — کیجے مقرر آپ تو خلوت کی جای خاص

ہین کیا کہ سر پہ چڑہتی ہی مرا کے جب نہ تب
کیونکر کہو نہین زلف کو اسکے بلای خاص

غمزے سے کرکے کام ادا خاص و عام کا
کہتے ہین اس ادا کو ہین کہتے ادای خاص

چہندے سے چڑہے نہ عام مین اسگ تو اسکی بات
قامت کو اسکے کیونکہ کہو نہین لوای خاص

مانگو دعا نہ ہاتہہ اٹہاؤ دعا سے آپ
ای صدر میرے حق مین کرو تم دعای خاص

اکہو نہین اشک ہی مجہے باران سے کیا غرض
سینے مین گل ہی مجہکو گلستان سے کیا غرض

تو چاند ہی تو چاند کا ٹکڑا ہی رخ ترا
ذرات مہر و ماہ درخشان سے کیا غرض

الست ہو نہین نشہ الفت سے ساقیا
می سے قدح سے محفل مستان سے کیا غرض

مذہب ہی لاابالی تو مشرب مرا ہی رند
کافر سے مجہکو اور مسلمان سے کیا غرض

بس ہین نظارے یار کے دانتون کے ہونٹہ کے
موتی سے مجہکو لعل بدخشان سے کیا غرض

سودائی ہین ہون باغ ہی سنبل کی سیر سے
ای یار تیرے کاکل پیچان سے کیا غرض

بس ہے پری رخونکا مجہے سنگ آستان
ای صدر مجہکو تخت سلیمان سے کیا غرض

گلشن سے ربط ہی نہ گلستان سے ارتباط
مجنون کو اکے جنون ہی بیابان سے اختلاط

دامن تمہارا ہاتہہ سے جاتا رہا تو کیا
سر کو تو ہی ہمارے گریبان سے اختلاط

ملتی ہے ابر سے یہہ میری چشم اشکبار	یعنی ہے میرے گریہ کو باران سے اختلاط
کہتے ہین مجھکو آگ بھبوکا ہو عورش	کیونکر بھلا پری کو ہو انسان سے اختلاط
ممکن نہین جو گھر مین چلا جاؤن یار کے	جبتک کہ ہو نہ یار کے دربان سے اختلاط
صد چاک ہوکے شانہ بنیگا یہی یقین	دل کو ہی اُسکے زلف پریشان سے اختلاط

دشمن تو دشمن آپ بھی اپنے نہین ہین صدر
بولو تو کسطرح سے ہو جانان سے اختلاط

لڑکھڑاتے ہین نشہ مین پای ساقی الحفیظ	ہاتھہ سے گر گر کہین ہوتے نہ پیالی الحفیظ
ایک تم نازک ہو اور اس پر تمہارے ہونٹھ بھی	نیلے ہو جائینگے کیون ملتے ہو مسّی الحفیظ
دیکھنا نشہ مین کس کس کو کیا کرتے ہین قتل	چھا گئی ہے آنکھہ مین خون کی [illegible] سرخی الحفیظ
غصہ اس بت کا قیامت غصہ اللہ کی پناہ	کہہ رہی ہے دیکھکر ساری خدائی الحفیظ
ہاتھہ کیا گلشن مین زر مٹھی سے غنچے کے گیا	ہو گئین ہین بلبلین مجھہ سے جو باغی الحفیظ
طفل ہے مت سو کہ تیر ہوش ہو سکی ہرن	تا نظر آوے نہ تجھکو شیر قالی الحفیظ

کیا کہون ای صدر اب کے دور صوفیکا حال
ہاتھہ مین پیالی بغل مین ہے صراحی الحفیظ

بیان کہون دنیا [illegible]	[illegible]

اندر رہا ہی آگے اس جانان کے گستاخانہ شمع
تسبکو محفل مین جلادے سنہ پر پروانہ شمع

اڑکے آتی جل کے مرتی اس رخ پر نور پر
رکھتی بازو مین گر اپنے شہپر پروانہ شمع

عشق مین شعلہ رخون کے ہوگیا میرا یہہ حال
جان دیتے ہین سراپا جلنے مین پروانہ شمع

گو پریہم دل جلون کے شمع کی حاجت نہین
ہی ہمارے قبر مین آنسو کا ہر اک دانہ شمع

داغ دل روشن ہوا کس عارض پر نور سے
دی رہی ہی جان مجہہ صورت پروانہ شمع

جب نہین رہتا ہی خلوت مین حضور اس یار کے
گر زبان ہی اہل جلون کا کہنا کچہہ فسانہ شمع

بس ہی سودا مجہکو تیرے عارض پر نور کا
اے پری کب جانتا ہون تسبکو مین دیوانہ شمع

ہی شرارت اسمین سب اس آگ کی پتلی کی صدر
ہی یقین تسبکو جلا دیگی مرا کاشانہ شمع

دل نے بھی پائے داغ مین مین بھی پائی داغ
حاصل ہوا نہ مجہکو ترسے سوای داغ

الفت کی اسکی یاد دلاتی ہی جب نہ تب
بہولا نہین ہون مرے دلمین ہی جای داغ

ای داغ عشق یار تیرے سے لئے
کیا کیا اٹھاے صدمے مین کیا کیا مین پائے داغ

بہہ کچہہ تمہارے آتش غم مین جلا بہنا
پہلو مین دل نہین ہے یہ دلکی ہی جای داغ

مین دوست ہو کے پہلو سے اپنے جدا کرون
یک عمر سے بجگر ہے مرا آشنای داغ

تہی یک نشانی یار کی کافور ہوگئی
مرہم کا ہو برا کہ ہمارے مٹا مے داغ

دل کیا رقیب کیا کہ دو لوٹ رہے ہیں
اے صدر اس سے سوزِ غم اور اسکے ہای داغ

اب تو شوقِ قتل میں [illegible] ہیں یاں تمام سر بکف
او میاں کس واسطے ہو تم ہو پھر خنجر بکف

کیا [illegible] کا بھولا آپ نے
یوں جو پھرتے ہو رکھے ای مستی ساغر بکف

دل کیا لے لینگے ایسے دام دیکر بلبلیں
یوں جو ہیں گلزار میں لیکر یہ گل زر بکف

[illegible] نصیب ایسے کہاں ایام ہوں
روبرو تیرے ہو ساقی گود میں ساغر بکف

اللہ اللہ [illegible] جلن کیدست جہاں پر گئے
گر پڑے جب چشم تر سے اپنے اشک تر بکف

ہوگئے نالاں سب جسنے مارا یک ہی تیر میں
روبرو اللہ کے جا بیٹھینگے لے محضر بکف

دیکھنا ای صدر انکا ناز اور اپنا نیاز
وہ وہاں خنجر بکف ہیں ہم یہاں ہیں سر بکف

جبکہ سن پائے ترے پاؤں کی آہٹ عاشق
نہ ہلے چوکھٹ کے دروازے کی جو کہت عاشق

تیز ہی ہو کر نہ ترے زلف کو بل کرنے دے
سیدھی ہو کر ابھی ہو جائیگی لٹ بٹ عاشق

قول کر جسکو قاتل نے فدا یا تو کیا
پھر جئے کوئی نہیں اسکے ہیں جیوٹ عاشق

بہت کری کہو نہ ہاتھوں کی خطا ای شوخ
کہیں لیلیں نہ بلا زلف کی جھٹ جھٹ عاشق

عشق میں خط ہے یوں کوئی بھی ہوتا ہے فنا
شاید اسپند تھی جو ہو گئی جھٹ پٹ عاشق

نایاب ہو کہلا گئے معشوق اجی تم کس کے
الکیدو کیا کہ تمہارے تو ہیں زرت عاشق

مجھ سے ہنس ہنس کے یہ کہتے ہیں وہ معشوق ای صدر
واہ کیا خوب جو خوش ہو گئے جہت بیت عاشق

موی یہ لوں نہ فقط استخوان تراش کے پہنک
کہ بوتی بوتی بہی پیش سگان تراش کے پہنک

زبان تیغ سے قاتل ہے تیری تیز زبان
کہا تو جھو تہہ تو میری زبان تراش کے پہنک

قد سے ہی ترے ہمسری جو خوش کیا خوب
تو سرو باغ کو سرو روان تراش کے پہنک

سوا سگ کے ترے مستحق ہما کیا
فلک یہ لوں نہ مرے استخوان تراش کے پہنک

منڈھایا اسنے خط سبز روی رنگین جو وہان
چمن سے سبزہ تو ای صدر یہان تراش کے پہنک

کرتے بیان ہم اگر وصف بتان سبز رنگ
منہ میں کرا پنے کاشکے رہتی زبان سبز رنگ

لطف ہی ہو جام ہو موسم گل ہو باغ ہو
چاندنی ہو اور سب ہو ماہوشان سبز رنگ

رہتا مزار سبز لوٹتی سب علاقے تاک بہی سبز
مرتے جو رکھ کے الفت خط بتان سبز رنگ

رہتا جو چرخ نیلگون چال یہ اپنے مہربان
پہرتے ہمارے ساتھ روز مہوشان سبز رنگ

کشتہ ہوں بہو لگا قتل کو ای بت سبز رنگ اب
باڑھ کو تیز کے کوئی دیکھو فشان سبز رنگ

سبز پری جو دیکھ لے سبز محل کو چھوڑ دے
سکھتے ہو رشک حور تم کیا ہی بتان سبز رنگ

سبز قدم ہوے ہمین ہای نصیب اپنی صدر

سمجھے تھے سبز بخت ہمین جو رد شان سبز رنگ

کب تک تمہارے ہجر کے صدمے اٹھاے دل
کب تک تمہارے ظلم سہے ہاے ہاے دل

دل مین ہو کیون تمیز کافر و مومن کے جاے دل
رشک بناے دیر و حرم ہی بناے دل

گلزار ہو شراب ہو ساون کی ہو گھٹا
ساقی کوئی پری ہو یہی ہے ہواے دل

طاقت کے ساتھ صبر گیا ہوش بھی گئی
باقی نہین ہے جسم مین کچھ بھی سواے دل

جھڑکی تو کیا کہ گالیان صدہا سنائیے
کیا کیا نہ رنج پاے ہین اس ستم نے برای دل

رنج و الم کبھی تو کبھی راحت و خوشی
خالی کبھی نہین ہے یہ مہمان سراے دل

لے جاے اب یار کے دل کسی طرح
اب آرزو یہی ہے یہی مدعاے دل

پہلو مین شب کو یار رہے دلکو ہو مین
ان روزون مجھکو ایسے کہان دن دکھاے دل

جو آرزوی وصل تھی باقی نہین رہی
کیا دلربا نے چھین لیا ہای ہای دل

کر دینگے رام بت کو ہم اللہ کی قسم

ہوتا جو صدر سینے مین پتھر بجای دل

الفت گل مین نہ منہہ اپنا چھپاے بلبل
سیر بستان کے مزے کچھ تو اڑا لے بلبل

فصل گل ہے تو لگا اب لطف اٹھا بلبل
[illegible] کیا لے بلبل

[illegible]

گل کو اپنا تو کسی رنگ بنا لے بلبل
اسکی حسرت مین نہ یون داغ تو کہالے بلبل

دام صیاد نے ہر سمت ہین جالے بلبل
منت پر اپنے کہین جا کے چہپالے بلبل

چہوڑ دے الفت گلزار کہ ہے بے پایان
ہوس گل مین نہ تو خار کو کہالے بلبل

وصل گل تجہکو جو منظور ہے اپنا تو کر
باغبان کو تو ذرا اپنا بنالے بلبل

گل و گلزار ہین غنچے ہین غرض سب کچھ ہین
گرا اوڑا نے ہین مزے خوب اوڑا لے بلبل

چہاتی پہٹ جاتی ہے غنچون کی ان آوازون سے
فرقت گل مین نکر ایسے تو نالے بلبل

گریہ کرتا تو رہا اسکو قفس سے صیاد
رات دن کرتا قفس مین ہے ترالے بلبل

ان کے سننے کے گل و باغ تلک ہین مشتاق
صدر صاحب کے کچھ اشعار سنا لے بلبل

پاتے ہین داغ دلکو رخ پر ضیا سے ہم
شب پیچ و تاب کہاتے ہین زلف رسا سے ہم

کوڑے لگاؤ ہمکو کہ پہانسی لگاؤ آپ
سنبل جب سمجھے زلف کو سمجھے بلا سے ہم

تارے فلک کے تارے ہمارے ہین آنکہ کے
آنکہین لڑا رہے ہین کسی مہ لقا سے ہم

وارینگے میٹھے بات پہ قند و نبات کو
صدقے کرینگے لب پہ تمہارے تبا سے ہم

ہم بولین ہو بہلا تو عوض اسکے گالیان
یون ہی تو ہاتہ اوٹہاتے ہین صاحب دعا سے ہم

اے یار اپنے صبر و قرار و شکیب کو
کہو دیتے ہین تیرے غمزہ و ناز و ادا سے ہم

ای صفدر اک دوست کے الفت مین عشق مین
بیگانہ ہو گئے ہین سبھی آشنا سے ہم

گھر مین ترے بیٹھے ہین مہمان کسے کہتے ہین
در پر ترے لیٹے ہین دربان کسے کہتے ہین

کب آئینہ رخ کو بولے یہہ کہ تم دیکھو
بس بس اجی چپ بیٹھو حیران کسے کہتے ہین

غیرون سے کہا اپنا کہنا یہہ نہین اچھا
ہم یہان کسے کہتے ہین تم وان کسے کہتے ہین

ہم شیفتہ تیرے خط کے ہین اُ قلم کے ہین
سبزہ کسے کہتے ہین ریحان کسے کہتے ہین

آگے ترے ابرو کے کہتے ہین کمان کسکو
آگے ترے مژگان کے پیکان کسے کہتے ہین

وحشت مین جہان بیٹھو زندان ہے وہی ہمکو
مت پوچھو ہمین اوسکو زندان کسے کہتے ہین

ای صفدر غزل تری پڑہا ہی عنایت کی
سمجھے ہے کہ ترے آگے سحبان کسے کہتے ہین

تھے کدہر کسیجا کہان ای بیوفا دو چار دن
ہو گئے اقرار وعدہ سے سوا دو چار دن

آو بیٹھو چاندنی پر بھور کر دو ماہ کا
چاندنی کی ہی بہار ای مہ لقا دو چار دن

پھر کہان یہہ فصل یہہ موسم یہہ گلشن یہہ بہار
باغ ہلو ای بلبلو اپنی ہوا دو چار دن

جا ای قل صلوا ئین دیتی ہی ہمیں تم روز روز
پر نہ مرقد پر پڑا آ فاتحہ دو چار دن

نرگس بیمار کو رہنے دو گلشن مین ابھی
اچھی ہو جاوے دو کہان دو ہوا دو چار دن

آئے تو اچھا کیا پر اس سے شرمندہ کیا	ہے ابھی وعدیکو باقی ای قضا دو چار دن

تم اور اس بت کا پرہیں کلمہ اجی توبہ کرو
کر رہو ای صدر تم یاد خدا دو چار دن

[illegible] سا مجھ سے برابر آسمان دو چار دن	کب میسر گہر آئی وہ عالیمکان دو چار دن
ہم کم نازک مزاد سپر ہے خوف چشم زخم	ہاں انہیں نہ تیغا دمیان دو چار دن
یا بہر وعدہ رہا کہ ہیں دو چار دن میں اونکا	یا ہو سے دو چار دل کے مہربان دو چار دن
ساقی و دریا دل آئے ہیں وقت ہے کشتی	یا انہیں کشتی می ہو روان دو چار دن
روز و شب کی دیکھیے گردش کیسی کہتا ہے نہیں	ایک صورت پر کسیکا آسمان دو چار دن
رات تم دن کو کہو تو میں کہوں لاریب فیہ	رہنے دو زلفوں کو رخ پر مہربان دو چار دن
میں نہ سمجھوں دن میرے سیر فلک سے پھر گئے	گر رہائیں میرے ہاں وہ نوجوان دو چار دن
اونسے میں دو چار اگر ہیں ہو خدا وہ دن کرے	یعنے ہو حاصل مجھے وصل بتان دو چار دن

صدر صاحب کچھ خیال عاقبت بھی چاہیے
خواب غفلت میں نہ کیجیے رائگان دو چار دن

جسم لاغر سے مرے تیری کمر ملتی نہیں	مل گئی سو مل گئی بار دگر ملتی نہیں
جسم لاغر اور ہے تیری کمر کچھ اور ہے	جسم لاغر میں ہے تیری کمر ملتی نہیں

تیغ ابرو اور کچھ ہی تیغ دوسر اور ہے
تیغ ابرو سے تری تیغ دوسر ملتی نہین

اشک خون کچھ اور ہی لعل بدخشان اور ہے
اسکی سرخی اسکی سرخی سے مگر ملتی نہین

تاب گوہر اور کچھ ہی تاب دندان اور ہے
تاب دندان سے تری تاب گہر ملتی نہین

زلف تیری اور کچھ ہی تیرہ شب کچھ اور ہے
زلف سے تیری شب تیرہ مگر ملتی نہین

سرد آہین اور ہین باد سحر کچھ اور ہے
سرد آہون سے میری باد سحر ملتی نہین

نوک ناوک اور ہی نوک تبر کچھ اور ہے
کچھ ہو مژگان سے تری پیکان مگر ملتی نہین

آتش عشق اور ہی دوزخ کی آتش اور ہے
صفدر نار عشق سے نار سقر ملتی نہین

تاب عارض سے ترے تاب قمر ملتی نہین
آتش غم سے ترے نار سقر ملتی نہین

تو ملی مجھسے تو مین سمجھون مجھے دنیا ملی
آہ سب ملتے ہین ایکجان تو مگر ملتی نہین

مدتین گذرین نہ دیکھا لیکے آنکھین کیا کرون
ہای مجھسے کیون تو ای نور نظر ملتی نہین

یاد مین ہون تیرے بستر مجھکو ہے جی کو وبال
کیا کرون سر کاٹنے کو تیغ دوسر ملتی نہین

زیست تھی موقوف تیری پر کرین کیا لیکے زیست
موت آ جائیگی ہم تو اگر ملتی نہین

یا سنادو مین تجھسے ملوگی ایکوقت
یا یہ کہلا بھیجو تجھسے عمر بھر ملتی نہین

کس جہان سے عذر کے ہو تم صفدر صاحب مبتلا

کیا وہ ایسی ہی پری سندر کنور ملتی نہیں

اجی جان تری ہی یاد من مین	یعنی ہی جان میری تن مین
دیکھینگے شباب مین وہ کیا ہو	اب ایک بلا ہو بالے پن مین
پھولونکو اڑانا و کھیلون مین	جادو ای غنچہ لب چمن مین
آنے سے جنون کے فصل گل مینا	پھولے نہ سمائے پیرہن مین
سکاشی کی جو چھیان ملینگے	واللہ نہا ئینگے چمن مین
پھہ زار ہو مرگیا ہون وحشت	ہی تار نہ لاش ہی کفن مین

اس منہہ کی صفت کریگی ای صدر
جب تک کہ زبان رہی دہن مین

مثل سنبل جو پریشان ہو نہین	اج کس زلف کا خواہان ہو نہین
عاشق چاہ زنخدان ہو نہین	مالک چشمہ حیوان ہو نہین
مد پتھرون کی کھلاتا نہ جنون	ایک در در کا مہمان ہو نہین
جب مین ڈرتا ہون گلے لگنے کو	طوق کہتا ہی گریبان ہو نہین
ایک پری کے مین گلی کا ہو گدا	خسرو ملک سلیمان ہو نہین

عشق مژگان مین ہوا ہون یہ نحیف
ای جنون خار بیابان ہون مین

مجھی مارو کہ کرو قتل حباب
آپ کا تابع فرمان ہون مین

نہین دیوانہ ہین ڈرنے کے لئے
ای پری حضرت انسان ہون مین

لکھہ کے توصیف نزاکت کی تری
اپنے ہر شعر پہ نازان ہون مین

اوسکی صورت نظر آئی مجھہ کو
آئینہ دیکھہ کے حیران ہون مین

اپنے اس دیدہ تر سے ای اشک
روز و شب زار ہون نالان ہون مین

صدر بولے وہ میرے سنکر شعر
ایسے شاعر کے تو قربان ہون مین

اسکے رخسار سے ہم زلف اتھا دیتے ہین
شب تاریک مین خورشید دکھا دیتے ہین

اپنے بازو سے وہ محفل مین بٹھا دیتے ہین
لینے محفل سے رقیبون کو اتھا دیتے ہین

مرتے دم جان عاشق جو ذقن کا اوسکے
ملک الموت مجھے سیب سنگھا دیتے ہین

عنبرین زلف کو کب مشک کہا تہا مین نے
کس خطا پر مجھے مشکین وہ کسا دیتے ہین

اپنے گلگشت جو جاتے ہین کبھی گلشن کو
کھیلون مین وہ پری گل کو اڑا دیتے ہین

اپنے ہونٹون کے وہ بوسے جو دیا کرتے ہین
ہم بھی خوش ہو کے انہین منہ سے دعا دیتے ہین

ہم جو کہتے ہین جو دیکھینگے تمہاری آنکھین
بدلے آنکھون کے وہ بادام دکھاتے ہین

مطرلوگ سے یہی کہتے ہیں کہ لو اور پڑھو
صدر صاحب کی غزل کو جو سنا دیتے ہین

ای نور نظر تجھہ سے یہ ارمان نکالون
آنکھون میں رکھون غیرونکی نظرون سے چھپالون

سر پر نہ اٹھالون ہین کبھی غیر کی منت
صدمے پرین اسمین تو انہین سر پہ اٹھالون

جب آپ گئی ہوش گئی جان حزین بھی
تھامون اُسے یا اسکو اجی کسکو سنبھالون

دل مین ہی یہی آرزو ای مست مے ناز
یک ساغر مے تجھکو کسیطرح پلا لون

یہان صدر بھی جانے نہ دون اُس لعلکا سودا
واہا صدا نہین قصے مین ابھی مول بنالون

میٹھی ہی کہ ہو تلخ غرض ای شکرین لب
سوگند تری ہونٹون کی گالی تری کھالون

کیا بات ہی یہہ مین بھی تو انسان ہون ای صدر
باتین وہ کری مجھکو انہین بولون نہ چالون

مثل سنبل جو پریشان ہون مین
آج کس روز کا خواہان ہون مین

عاشق چاہ زنخدان ہون مین
مالک چشمۂ حیوان ہون مین

مار پتھرون کے کھلا نا نہ جنون
ایک دو روز کا مہمان ہون مین

جب مین ڈرتا ہون گلے لگنے کو
طوق کہتا ہی گریبان ہون مین

یک پری کے مین گلی کا ہون گدا
خسرو ملک سلیمان ہون مین

نوک مژگان مین ہوا ہون یہہ نحیف — ای جنون خار بیابان ہو نہین
مجہے مارو کہ کرو دشت جناب — انکا تابع فرمان ہو نہین
نہین دیوانہ مین ڈرنے کیلیے — ای پری حضرت انسان ہو نہین
لکہہ کے توصیف نزاکت کی ترے — اپنے ہر شعر پہ نازان ہو نہین
اسکی صورت نظر آئی مجہکو — آئینہ دیکہہ کے حیران ہو نہین
اپنے اس دیدہ تر سے ای اشک — روز و شب زار ہون نالان ہو نہین

صدر بولے وہ میر سنکر شعر
ایسے شاعر کے تو قربان ہو نہین

جو بات ہی داغ چشم تر مین — وہ بات نہین ہی بحر و بر مین
پہرتا ہون ہر ایک کے نظر مین — پتلی کیطرح ہون مین سفر مین
کس منہہ سے کہو نہین اسکو مہ رو — اوس رخ کی نہین جلا قمر مین
کیا کرتے ہین خدا کرے خیر — ہین جور وہ بت کمال شر مین
سمجہو پوچہو تو آنکہہ اس پری کی — آئینہ ہی مرے نظر مین
گر زلف سے مشک کی ہو تشبیہ — ہی عین خطا مری نظر مین

نے قند رطب میں ہے وہ اے **صدر**
شیرینی ہے جو لب شکر میں

وہ بت پرست ہوں دیر و حرم سے کام نہیں
مری نماز میں سجدہ نہیں سلام نہیں

سرا پا رند ہوں میں شیخ میرا نام نہیں
سوائے دختر رز مجھکو کسی سے کام نہیں

میں جل گیا نہیں قائدے تری جو نسبت دوں
حرام تجھ میں ہی اور سرو میں خرام نہیں

دکھا رہی ہے حکومت جو باغ میں اے گل
کنیز سوسن لالہ ترا غلام نہیں

ہوا ہے ابر ہے باران اور شب مہتاب
ہیں گل شگفتہ چمن میں یہ میم لام نہیں

ہمارے پہلو کو چیرد جگر کو لو صاحب
تمہاری تیغ کو ایسا کوئی نیام نہیں

کیا ہی ایک ادا میں ہیں تمام اے **صدر**
ہمارے قتل کا قاتل یہ انتقام نہیں

تم تمہارے لب و دہان مجھکو برا کہنے کو ہیں
ہیں ترے لب یہاں تمہارا ہو بھلا کہنے کو ہیں

منہہ پہ آتی بہت سی ہم اور بحث و تکرار کے
کہہ چکے تھے پھر دوبارا مدعا کہنے کو ہیں

گالیوں پر منہہ پہ کہو اور کچھ باتیں کرو
کہہ سکے ہم ٹک تو ہم اس سے کچھ کہنے کو ہیں

کیوں لب اظہار مجھے شور کچھ نکلی کہی
ہم نہ کہتے تھے وہ مسکر ہمرہ کہنے کو ہیں

ایک کیا سب باتیں بیجا ہیں کہا نہیں
جو کوئی کچھ کہو ہمتو بجا کہنے کو ہیں

تری دریا مین نہ سائے اپنے کنارا کر گئے زبان — دوستی معلوم بس تم آشنا کہنے کو ہین
ہونٹھہ منہہ پہٹ ہین دہن بھی آپو منہہ پہٹ ہے — سب کے منہہ زور ہین کسنے کہا کہنے کو ہین
وہان دہن انکا ہی اور وہ گالیان دیتے کو ہین — یہان ہمارے ہونٹھہ ہین اور ہم دعا کہنے کو ہین

آگے ان اہل سخن کے کیا ہم اپنی بات کیا -
کچھہ نہین ای صدر صاحب ہین تو کیا کہنے کو ہین

جب نہ تب آپ جو کہتے تھے مجھی تردامن — میرے رونے نے کیا اپکا کب تردامن
وہ تو وہ ہی میری مٹی سے صبا کو بھی غبار — چل رہی ہی میرے مرقد سے بچا کر دامن
دیدۂ تر سے میرے ابر کا پردہ معلوم — رو لی انسہین وہ مین باندہ کے اکثر دامن
ہوئے کیا کیا نعقبا ہا تہون سے تری وحشت — پیرہن پکڑی اگر کہہ میرا اوسپر دامن
کام آتا ہی تو لو تیعکو غریبان نہ رکھو — زخم ہم کھاتا ہی تیرے جامہ سے بہتر دامن
یک تو پاؤن ہی زنجیر کی سیرون کی — اوسپہ ہے بوجھہ بھی آماس کا وادر دامن

روون افلاس کو اپنے کہ جنون کو ای صدر
آستین ہی مجھے اور نہ میسر دامن

اب کے قامت سے کیا او فتنہ گر ہوتا نہین — فتنے ہوتے ہین بپا یک حشر برپا ہوتا نہین
کوچہ گرد دیکھا میرے اور خانہ بردوشی کا ذکر — کس گلی کس گھر کہان کس جا کدہر ہوتا نہین

۱۷۵۴۹

جائین ہم اوسکے گذرگہ مین تو کسیجا کسر دوش
جبتلگ جی سے نہ ہم گذرین گذر ہوتا نہین

غیر مرجائینگی لیکن پہلی منزل جائنگے
اسلئے وہ یار اپنا ہم سفر ہوتا نہین

بحر کیا اور نہر کیا اور ابر کیا برسات کیا
پانی پانی بجہہ سے کون اے چشم تر ہوتا نہین

آپکے تر دامنون مین نام اپنا ہو تو کیون
دامن انکا اپنے آنسوئین تو تر ہوتا نہین

خانہ بردوشی ہے ای صدر اور ہم ہین بے گہری
کیون نہ ہونگے اونکے کوچہ مین تو گہر ہوتا نہین

آتشین رخ دہوئے گروہ سامری فن آب مین
ہوئے جادو نہ کیونکر شمع روشن آب مین

کیا کرون کیون پار ہو تمین گہاؤ اوس شمشیر کا
ڈوبتا ترتا کہڑا ہوتا بگردن آب مین

کیون نہ گریہ مین بسر ہو مردمان چشم کی
واقعی ہی مردم آبی کا مسکن آب مین

کشتہ ہون تو ایک سناہ اوسکے پسینے کا ہونین
چہوڑدو لاشہ کو میرے بعد مردن آب مین

کہولے زلف اپنی نہاتین وہ جادوگر اگر
موجہ دریا سے پیدا ہوئے ناگن آب مین

جہینٹے لے تیہین سنی جسوقت پانی کی صدا
بول اتہا وہ جنگجو بی بولتا رن آب مین

مین ہون میری چشم تر ہی اور ہی رونا میرا
بعد مردن چاہئے ای صدر مدفن آب مین

نشے مین پر گئے جب ساغر شراب مین پاؤن
کہان مسیح سے دہو طشت آفتاب مین پاؤن

۱۷۵۴۹

ہمارے آنکھون پہ تونہ رکھہ رکھا ہمین پاؤن
پڑین نہ ہاتون سے تری کہین عدا ہمین پاؤن

سوال اوس سے نکرنا تہا دست بوسی کا
اودہر بڑے میرے ہاتہہ اور ادہر پڑے ہمین پاؤن

ہم اوسکے پاؤن پہ سوتے ہین رکھہ کے سر اپنا
ندیکہے حور و پری نے بہی جسکے خوا ہمین پاؤن

قدم پہ چلتے ہو پیر فلک کے روز قدم
نکالے تمنے عجب ایکوان عدا ہمین پاؤن

تبا دون قیس کو رستہ نہ اوسکی چلنے دون
جمے گراب کے میری وادی خرا ہمین پاؤن

مین اور گیا سے پہرون جاؤن تا حرم ای صدر
نہ رکہون ہو کے مسلمان رہ صوا ہمین پاؤن

اے گل چمن مین جوش ہے فصل بہار کو
بلبل ترانہ سنج ہی گاؤ بہار کو

بدلے مین اوسکے لینگے نہ چین کو تتار کو
دینگے نہ تیرے زلف کے ہم ایک تار کو

ای محتسب دی مست ہوا اور می کشی نہو
واللہ توڑ دون توبہ نہ توڑ دون خمار کو

او شوخ تیری دست حنائی سے ہمسری
لگ جائے آگ ستر قدم تک چنار کو

وار دن مین ایڑی چوٹی کے اوپر یار سے
نسبت نہ کچہہ بہی کاکل پیچان سے مار کو

آئے تو تیرے خاکہ دامن کو باندکر
کچہہ حد نہین حباب تمہارے غبار کو

بوسون سے لال لال کیا گال یار کے
ای صدر حد نہین ترے جاؤ پیار کو

خستہ ہو خراب جا بجا ہو ای دل نہ کسیکا مبتلا ہو
حاصل یہی مقصد ای خدا ہو صہبا ہو وہ مست مہ لقا ہو
غم مین یک گل کے رو رہا ہون کیون اشک مرا نہ موتیا ہو
حورون مین وہ ناز ہو نہ عشوہ پریون مین کبھو نہ وہ ادا ہو
اس دیدہ مست کا ہون بیمار دارو درمن سے کب شفا ہو
مجھکو ہو تمھاری زلف سنبل غیرون کے لئے سپولیا ہو
حالات مژہ سے ہو وہ اگاہ جسکا کہ جگر جدا ہوا ہو
دانتون سے تری نہین ہی نسبت موتی ہر چند بے بہا ہو
یکبار تو اُن کے لب پر ای لعل قربان ہو صدقے ہو فدا ہو
عاشق تو ہوا ہون اب تمھارا خواہ اسمین بھلا ہو یا برا ہو
مین اور فدا ہون تمپہ جی سے غیرون کو جی تم او رچا ہو
انکھین نہ دکھاو غمزدون کو انکھین بتلاو خوش لگا ہو
مین اور پیارے تم کو چاہون ہی ھی تم اور مجھے نہ چاہو
پہلو سے ہمارے دل کو لے لو پہلو سے مگر نہ تم جدا ہو
جز رنج و محنت و مشقت حاصل عشق بتان مین کیا ہو

هر لحظه زبان پر اپنے ای صدر
بس نام خدا و مصطفے ہو

دیوانہ ترے دید کا آفاق ہے واللہ
مشتاق ہے مشتاق ہی مشتاق ہی واللہ

دو کر نہین عالم کے ترا خنجر ابرو
کیا طاق ہی کیا طاق ہی کیا طاق ہے واللہ

دیکھا جو اسے شکو تو بن جلگئین شمعین
کیا ساق ہی کیا ساق ہی کیا ساق ہی واللہ

جلنے مین تو ای قاتل و خونریز دو عالم
چقماق ہی چقماق ہی چقماق ہی واللہ

دل کو مرے شق ہونا جگر کا مرے ای صدر
بس شاق ہی بس شاق ہی بس شاق ہی واللہ

ہم پہ یہ قہر و غضب ظلم و ستم واہ واہ
اوروں پہ الطاف و مہر اس پہ کرم واہ واہ

نامہ کو بھیجا لکھا اس نے تو ایسی مجھے
جن پہ رقیبون کا تھا نام رقم واہ واہ

خاک مین ملوا دیا خاک چھنا تا رہا
اوسپہ زمین کے کیا نقش قدم واہ واہ

دم ہمین دیتا رہا دم مین بھی بیدم کیا
اوسپہ بھی دم باز کا بھرتے ہین دم واہ واہ

اتنا تو چھوٹا سا منہہ اس پہ یہ بڑی باتیار
یار یہہ منہہ زوریان آپ سے ہم واہ واہ

اگلے کی الفت نہین مہر و محبت نہین
ہم پہ عنایت نہین ہی تو ستم واہ واہ

صل علی مرحبا شعر ہی صدر کا

لکھتے ہیں حسن پر سدا لوح و قلم واہ واہ

لیجیئے حاضر ہی دل ای یار اگر کام آئے ہے
پر یہہ فرماؤ کہ دل میں کچھہ ہمارے جای ہے

ہای قسمت سانپ کے مانند یہاں بل کھائی ہے
وای قسمت غیر وہاں اُس زلف پر مل جائی ہے

ہو گئے نزدیک تیرے تھے جو تجھسے دور دور
پاس تیرے پھر مرا کیا پاس ہے کیا جای ہے

نام جانکا نہ لو وہاں جان کو لیا جناب
آگے جانے سے بس اپنے سے بندہ جای ہی

گھر سے زندان وہاں سے آیا وادی پر خار میں
کیون جنون کا پھر تلوا مرا کھجلای ہی

دل تو ہی دیوانہ گر قاتل نہیں تیغا سے ہے
عید قربان کسی کی ہے سب گلے لگجای ہے

کچھہ نہ پوچھو اپنے عاشق کے بہو اور پیاس کے
اشک خون ہیں ہی اپنا غم تمہارا کھائے ہی

کرتے ہیں تعریف پیکان کی وہان زخم دل
یہہ مثل سچ ہے کہ جسکا کھائے اوسکا گائے ہی

یاد پھر آتی ہے ان ابھری چھاتیون کی دمبدم
سینہ زن رہتا ہون پھر چھاتی مری بھر آئی ہی

اب بھی باتو سے ان کو گر بھی انکار ہی
پھر ہمارا سر ہے پیشانی ہی انکا پانے ہی

تمنے اتنا بھی نہ پوچھا **صدر** کی تسکین کو
کیون بے اچھا ہی کہان آیا کدہر کو جائے ہی

گلی میں یار کے رہنے کو گھر لیتے تو ہم لیتے
مکان دلربا کی خاک در لیتے تو ہم لیتے

کرین کیا آپ اپنے میں نہیں ہیں غیر ہی حالت
گدای آشنا تیری خبر لیتے تو ہم لیتے

تیرے قدمون سے لگ چلتے تری نقش قدم ہوتے | غرض بوسے ترے پا کے اگر لیتے تو ہم لیتے
سمجھتے پر سمجھتے کیمیا ای ہی ہاتھ اپنی | تمہارے خاک پای سیمبر لیتے تو ہم لیتے
گھر ناپایا تجھے تو اتنک تر بھی اپنے تھے نایاب | جو دیکر اشک تر کو ہان گھر لیتے تو ہم لیتے
تمہارے زلف کو کالی گھٹا کہتے تو ہم کہتے | بلای آسمانی اپنے سر لیتے تو ہم لیتے

دعا ای صدر ان ہونٹوں کو بوسے ان کے ہونٹوں کے
اگر دیتے تو ہم دیتے اگر لیتے تو ہم لیتے

خبر سے موت کے آتی ہمین انکی خبر پہلے | اگر آتا تو عزرائیل سے ای نامہ بر پہلے
لڑکپن مین وہ فتنہ تھے لڑکپن یک قیامت تھی | کھلونا کچھ نہ کھیلے کھیلے میری جان پر پہلے
سنا ہمنے اسی رستے سے یار آتے ہین گھر اپنے | تو کوسون تک گئی ہی دوڑتی اپنی نظر پہلے
بتون کے عشق مین منظور اگر صدمے اٹھانے ہین | تو بسم اللہ پیدا کیجے پتھر کا جگر پہلے
اب ایسے ہین کہ دریہ مین بہے پانی برہمن اپنی | چمن پر مارتے تھے دار اپنی چشم تر پہلے
بھلا دیکھین تماشا یہہ بگڑی کہ وہ ای یار | نظر جسم اپنا آتا دور سے ہی یا کمر پہلے

دریغا وا دریغا حسرتا وا حسرتا ای صدر
کہ میرے ضعف نے کر ڈالا مجھکو بے خبر پہلے

جانمن مجھکو تمہارا دل لگانا یاد ہے | دل لگا کر دل لگی مین دل دکھانا یاد ہے

تم گئے غیروں کے ہمراہ تو ہمارا کیا گیا
ہم بھی جائینگے ہمیں اپنے سے جانا یاد ہے

کیا بٹھاتے ہو ہمیں پاس اپنے ہم بہو نہیں
ابتلک تو ہمکو محفل سے اٹھانا یاد ہے

ای پری غصہ ترا بھولا نہیں بھولا نہیں
آگ ہو ہو کر مرے دلکا جلانا یاد ہے

اب جو کہتے ہو کہ آئے وہاں مری جوتی کو کیا
خود فراموش انکو پہلے کا آنا یاد ہے

اشک و آہ آتشیں یک آگ کے پتلے ہیں صدر
انکو کیا بولوں لگانا اور بجھانا یاد ہے

دکھلائے ہیں جنوں نے بیاباں نئے نئے
گلشن نئے نئے مجھے بستان نئے نئے

گل کے جگہہ ہی خار تو بلبل کے جاے بوم
شاید کہ اندنوں ہیں گلستان نئے نئے

یا مجھ سے تھے پرانے قدیم آشنا کوئی
یا ہو گئے ہیں اندنوں جانان نئے نئے

وحشت کی اپنے درستِ درازی تو دیکھئے
رکھتے ہیں ہم قبا میں گریبان نئے نئے

خاطر ہماری جمع ہو کس طور سے بھلا
رکھتے ہیں طور زلف پریشان نئے نئے

جاتے تھے اگلے گھر میں کہ دربان قدیم تھے
نوکر اب اسکے گھر پہ ہیں دربان نئے نئے

شعر آپ کچھ لکھو کہ لکھے بعد کچھ بڑے
بیٹھے ہیں کب سے صدر غزلخوان نئے نئے

بیجا نہ ہم جہان میں آئے چلے گئے
آئے تو صدمے عشق کے پائے چلے گئے

دیکھے کسی نے حسرت دیدار جب مری
حالت یہ میرے اشک بہائے چلے گئے

جانے سے اُن کے اپنے سے جاتا ہی تو دل
اپنے نہ تھے وہ تھے تو پرائے چلے گئے

اللہ رے کاٹ واہ رے شمشیر ابرو میان
سر لاکھون اکدم مین اُڑائے چلے گئے

ہمنے ہمارے دل نے جگر نے بھی جان نے
لاکھون ہی پیچ زلف کی کھائے چلے گئے

آنکھونکو بحر آہ کو آندہی کہا مرے
طوفان یہ اپنے تمنے اُٹھائے چلے گئے

نامے بھی لادئے مجھے ای صدر یار کے
فقرے بھی قاصدون نے سنائے چلے گئے

نہین ان کے لبون پر رنگ پان ہے
ہلال عید قربان جانفشان ہے

مسی اس گل کے ہونٹھون پر عیان ہے
کہ لعل تر تہ نیلم عیان ہے

رخ پرنور پر وہ زلف مشکین
کھلے مشک و گلے عنبر فشان ہے

نہ کیون سرسبز ہووے نخل الفت
بہار باغ بزم دوستان ہے

کبھی بھولے سے کین باتین نہ مجھسے
فقط کہنے کو صاحب کو دہان ہے

وگرنہ آئینے کو توڑ دیتا
کرون کیا منہہ تمھارا درمیان ہے

دماغ اب کیون نہو تیرا فلک پر
وہ مہرو صدر تجھپر مہربان ہے

زلف جو وہ کالی سی ہے
کالا ھے کالی سی ہے

ان کے کمر کو کہتے ہین
جسم لاغر کی سی ہے

سرخی ان کے ہونٹھون کی
لعلون کی لالی سی ہے

لب پہ ترے مسی کی دھڑی
سوسن کی پتی سی ہے

گھر مین مرے کوڑی بھی نہین
ہی تو یک پیسی ہے

ان کے کمر کا ہے یہہ نشان
دبلی سی پتلی سی ہے

باتین معجز ہین بخدا
لب اوس بت کا عیسی ہے

مژگان اس قاتل کے صدر
بھالا ہے برچھی سی ہے

یہہ کسکی قامت نازک نے مجھکو مار ڈالا ہے
جو میرے گور رکھل یاسمین کا ایک تھالا ہے

ترے گیسوے پیچان نے تو ہمکو مار ڈالا ہے
بجای عشق پیچان گور پر کیون کو تیالا ہے

مرے نزدیک اے دل درد کا سامان ہی اتنا
ہین آنسو آنکھ مین سینے مین آہین لب پہ نالا ہے

ہوی مدت مری آنکھون بھر کر مردمک اسکی
تعب کیا ہی ہم چشمو اگر آنکھون نہین جالا ہے

ہمارے داغ سینہ نہین ہے داغ نرگس کو
جمن ہے لالہ ہی ایسے شمع محفل مین لالا ہے

لڑی آنسو کی اپنے یہان گلے کا ہار ہی اپنے
گلے مین وہان انہون کے غیر کا موتیکا مالا ہے

کسی یک چاند کے ٹکڑے کی مژگان نے ہمیں مارا
نظر آتی ہی سوئی قبر مین اتنا اجالا ہے

ہوا غم عشق نے یار اکہا ہو لگا کیونکر نہ غم اسکا
جسے کہتے ہین غم کھانا مرے منہ کا نوالا ہے

اگر آنا ہی آجتک دیکھ لے تو صدر کو اپنے
پھر آئیگا نہین ملک عدم کو جانیوالا ہے

تمت تمام شد

بتاریخ یازدہم ماہ مبارک ربیع الاول شریف روز شنبہ ۱۲۸۷ ہجری
مطابق یازدہم جون ۱۸۷۰ عیسویہ بقلم محمد جمال الدین متخلص بہ اعجاز
قلمی شدہ در مطبع انوری شاہی عمدۃ الاخبار مدراس حلیہ انطباع پوشید
کتاب ہذا بی مہر مہتمم کارخانہ موصوف یعنے مشفقی مکرمی محمد اکبر صاحب کسے نباید خرید
اگر خرید کند دعوی قیمت سرقہ نمودہ پیش ارباب عدالت استغاثہ کردہ خواہد شد فقط + + + +